Print Clear

CFWB-078
نظرثانی شدہ 02/24

NYC Children

# نگہداشت طفل میں اعانت کی دوبارہ تصدیق کی جمع آوری کے لیے ہدایات اور جانچ فہرست

جو درخواست دہندگان نگہداشت طفل میں اعانت (CFWB-012) کے لیے اپنی دوبارہ تصدیق مکمل کر رہے ہیں انہیں اگر ضروری ہو تو اپنی درخواست کو اپ ڈیٹ کرنا اور تائیدی دستاویزات شامل کرنا ضروری ہے۔ آپ کی درخواست جمع ہونے سے پہلے مکمل ہونے کو یقینی بنانے کے لیے براہ کرم یہ ہدایات اور جانچ فہرست استعمال کریں۔

## سیکشن 1: درخواست دہندہ

براہ کرم سیکشن 1 میں موجود سبھی خانے مکمل کریں۔ آپ کی پچھلی درخواست یا دوبارہ تصدیق پر آپ کی فراہم کردہ معلومات کے ساتھ کچھ معلومات پہلے سے پُر ہوں گی۔ براہ کرم تصدیق کریں کہ شامل کردہ معلومات درست ہیں۔

**اگر آپ کا پتہ جوں کا توں رہا ہے:** آپ کے پاس جمع کرانے کے لیے نیا کچھ نہیں ہے! براہ کرم سیکشن 2 پر جائیں۔

**اگر آپ کا پتہ تبدیل ہو گیا ہے:** براہ کرم سیکشن 1 میں اپنا پتہ اپ ڈیٹ کریں اور نیو یارک سٹی میں رہائش کی تصدیق کرنے کے لیے درج ذیل میں سے ایک فراہم کریں؛ ان پر آپ کا نیا/موجودہ پتہ ہونا ضروری ہے:

- ☐ ڈرائیونگ لائسنس
- ☐ IDNYC
- ☐ سیکشن 8 منظوری کا خط
- ☐ NYCHA کا سرٹیفکیٹ
- ☐ یوٹیلیٹی بل مع آپ کا موجودہ پتہ (مثلاً بجلی، گیس، ہیٹنگ، تیل، پانی، وائی فائی/انٹرنیٹ، کیبل، یا لینڈ لائن فون)*
- ☐ موجودہ لیز، کرایہ یا رہن کا گوشوارہ مع پتہ*
- ☐ CFWB-067 رہائش کی تصدیق
- ☐ CFWB-027 رہائش کی تصدیق جس پر پتہ مندرج ہو
- ☐ پناہ گاہ کی رہائش کا خط جس پر پتہ مندرج ہو
- ☐ دیگر: ____________________

*براہ کرم نوٹ کریں: اگر "دیگر" دستاویزات اطمینان بخش نہیں ہے تو، ACS درخواست دہندہ کو مطلع کرے گی۔*

**دستاویزات میعاد ختم شدہ نہیں ہو سکتیں۔**

***60 دن سے زیادہ پرانی نہیں ہو سکتیں* کی حامل دستاویزات۔**

## سیکشن 2: نگہداشت کا محتاج بچہ (بچے)

آپ کی پچھلی درخواست یا دوبارہ تصدیق پر آپ کی فراہم کردہ معلومات کے ساتھ کچھ معلومات پہلے سے پُر ہوں گی۔
براہ کرم تصدیق کریں کہ شامل کردہ معلومات درست ہیں۔

**اگر آپ کے گھرانے میں نگہداشت کے محتاج بچے کے بارے میں کچھ بھی تبدیل نہیں ہوا ہے تو:** آپ کے پاس جمع کرانے کے لیے نیا کچھ نہیں ہے! براہ کرم سیکشن 2b پر جائیں۔

**اگر مندرج بچوں میں سے کسی کو اب نگہداشت کی ضرورت نہیں ہے:** براہ کرم ان کا (کے) نام قلمزد کر دیں۔

**اگر آپ کے پاس ایسے نئے بچے ہیں جنہیں نگہداشت کی ضرورت ہے:** نگہداشت کے محتاج ہر بچے کے لیے، ان کی معلومات سیکشن 2 میں نئی سطر میں پُر کریں۔ سبھی خانے مکمل کرنا ضروری ہے (جیسے، نام، رشتہ، تاریخ پیدائش، وغیرہ)۔ نسل کے بارے میں سوال کے لیے، صفحہ کے نچلے حصے میں نسلی الحاق کے کوڈز استعمال کریں۔ آپ کو ہر نئے بچے کے لیے درج ذیل دستاویزات میں سے ایک فراہم کرنی ہوگی:

1. شہریت/ترک وطن کی حالت

- ☐ پردیسی کا رجسٹریشن کارڈ بشمول مستقل مکین یا گرین کارڈ
- ☐ FS-240 (امریکی شہری کی بیرون ملک ولادت کی رپورٹ)
- ☐ دیگر: ____________________
- ☐ امریکی سند پیدائش
- ☐ امریکی پاسپورٹ
- ☐ حقوق قومیت اپنانے کی سند

*براہ کرم نوٹ کریں: اگر "دیگر" دستاویزات اطمینان بخش نہیں ہے تو، ACS درخواست دہندہ کو مطلع کرے گی۔*

2. والدین/درخواست دہندہ سے بچے کا رشتہ

- ☐ تبنیت کا سرٹیفکیٹ یا تبنیت کا عدالتی آرڈر
- ☐ پاسپورٹ مع والدین کے دستخط
- ☐ مالی ذمہ داری والے قانونی سرپرست کے لیے عدالت کا آرڈر
- ☐ سند پیدائش
- ☐ بپتسمہ کا ریکارڈ
- ☐ ددیگر (براہ کرم نگراں کی تصدیق CFWB-058 مکمل کریں)

3. عمر

☐ سند پیدائش
☐ بپتسمہ کا ریکارڈ
☐ پاسپورٹ
☐ پردیسی کا رجسٹریشن کارڈ
☐ تبنیت کا ریکارڈ
☐ بچے کی پیدائش کی ہسپتال کی باضابطہ دستاویزات

## سیکشن 2b: فیملی ممبرز:

گھرانے کے وہ ممبران درج کریں جنہیں نگہداشت صحت کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر قابل اطلاق ہو تو، بچے کے دوسرے والدین، نگراں، یا سوتیلے والدین، اور کوئی دیگر ایسا بالغ فرد درج کریں جس کے ساتھ آپ بچے کو شیئر کرتے ہیں، اگر وہ آپ کے گھر میں رہتے ہیں۔ دوسرا، اگر قابل اطلاق ہو تو، 18 سال سے کم عمر کے کسی ایسے بھائی بہن کو درج کریں جو آپ کے گھر میں رہتے ہیں۔ صرف گھرانے کے دیگر ممبران، جیسے چچی/ پھوپھی، چچا/پھوپھا/ماموں، چچازاد/پھوپھامامو‌زاد بھائی بہن، دادا دادی، یا دوستوں کو درج کریں، اگر ان پر بچے کی مالی ذمہ داری ہو۔ مالی ذمہ داری کا حامل گھرانے کا ممبر، سوائے والدین یا سوتیلے والدین کے، سرپرستی کے خط یا آرڈر کے ساتھ گھرانے کا ممبر ہے۔ ورنہ انہیں شامل نہیں کریں۔

## سیکشن 3: بچے/فیملی کی ضروریات

سیکشن 3 میں مطلوب سبھی معلومات مکمل کریں۔ ہر درخواست دہندہ کے پاس نگہداشت کی اہل قرار یافتہ وجہ ہونا ضروری ہے؛ دو والدین والے گھرانے میں، والدین یا نگراں کے پاس نگہداشت کی وہی یا مختلف وجہ ہو سکتی ہے۔ براہ کرم اس سیکشن میں نگہداشت کی اپنی وجہ (وجہوں) کی تصدیق کریں اور اپنی وجہ کی بنیاد پر، درج ذیل دستاویزات فراہم کریں۔ یہ مطلوب ہیں چاہے آپ کی پچھلی درخواست یا دوبار تصدیق کے بعد سے آپ کی وجہ (وجہیں) تبدیل نہیں ہوئی ہوں۔

a. روزگار (کم سے کم اجرت کماتے ہوئے 10 گھنٹے سے زیادہ فی ہفتہ کام کر رہے ہیں)

☐ سیکشن 4 - روزگار
☐ روزگار یا خود کے روزگار کی دستاویزات جمع کرائیں، جو سیکشن 6 میں "اجرتیں/تنخواہ کے تحت مندرج ہیں"

b. تعلیمی/حرفتی سرگرمی:

☐ CFWB-005 حرفتی، تعلیم و تربیت کی تصدیق کا فارم یا
☐ تعلیمی یا حرفتی تربیتی پروگرام کی جانب سے باضابطہ لیٹرہیڈ پر ایک خط؛ اس خط میں CFWB-005 حرفتی، تعلیم و تربیت کی تصدیق کے فارم میں مطلوب ساری معلومات لازماً شامل ہوں۔

c. کام تلاش کرنا

☐ CFWB-026 - کام کی تلاش کا ریکارڈ یا
☐ NYS محکمۂ محنت سے منظور شدہ کام کی تلاش کا منصوبہ یا
☐ بے روزگاری بیمہ کی وصولیابی کا ثبوت

d. بے گھری

☐ پناہ گاہ کی رہائش کا خط (اگر پناہ گاہ، بشمول انسانیت پسندانہ ہنگامی راحت مراکز میں رہ رہے ہیں) یا
☐ CFWB-027 رہائش کی تصدیق (اگر ڈبلڈ اپ، ایسی جگہ جو انسانی سکونت کے لیے نہ ہو، ہوٹل/موٹل/یا دیگر اقامتی صورتحال میں رہ رہے ہوں)

e. گھریلو تشدد سے متعلق خدمات میں شرکت کر رہے ہوں

☐ گھریلو تشدد سے متعلق خدمت فراہم کنندہ کی طرف سے خدمات کے لیے ریفرل

f. ممنوعہ اشیاء کے بیجا استعمال کے مدنظر علاج میں شرکت کر رہے ہوں

☐ ممنوعہ اشیاء کے بیجا استعمال سے متعلق خدمت فراہم کنندہ کی طرف سے خدمات کے لیے ریفرل

## سیکشن 4: روزگار

سیکشن 4 میں ساری معلومات مکمل کریں اگر آپ اور/یا آپ کے دوسرے والدین کے پاس نگہداشت کی آپ کی وجہ (وجہوں) کے بطور "روزگار" ہو۔ یہ مطلوب ہے چاہے آپ کی پچھلی درخواست یا دوبار تصدیق کے بعد سے آپ کا روزگار تبدیل نہیں ہوا ہو۔

NYC Children

## سیکشن 5: کام/سرگرمی/سفر کے وقت کا شیڈول

سیکشن 5 میں ساری معلومات مکمل کریں۔ یہ مطلوب ہے چاہے آپ کی پچھلی درخواست یا دوبار تصدیق کے بعد سے آپ کا شیڈول تبدیل نہیں ہوا ہو۔

## سیکشن 6: آمدن کی معلومات

سبھی درخواست دہندگان کو نگہداشت کی وجہ سے قطع نظر آمدنی کی دستاویزات فراہم کرنا ضروری ہے۔ یہ مطلوب ہے چاہے آپ کی پچھلی درخواست یا دوبار تصدیق کے بعد سے آپ کی آمدنی تبدیل نہیں ہوئی ہو۔

**اجرت/تنخواہ:**

**آپ بر سر روزگار ہیں اور ادائیگی کی پرچیاں موصول ہوتی ہیں۔**
آپ کو اپنی آمدنی کی تصدیق کرنے کے لیے اپنی ادائیگی کی پرچیاں جمع کرانا ضروری ہے۔ جو ادائیگی کی پرچیاں آپ کو جمع کرانا ضروری ہیں ان کی تعداد اس لحاظ سے مختلف ہوتی ہے کہ آپ کو کتنی بار ادائیگی ملتی ہے اور آیا ہر بار آپ کو ادائیگی ہونے پر آپ کی ادائیگی کی رقم وہی ہے – تفصیلات کے لیے ذیل کا جدول دیکھیں۔ ادائیگی کی پرچیوں سے مجموعی آمدنی کا (ٹیکسوں سے پہلے) پتہ چلنا ضروری ہے۔

آپ کو موصولہ تازہ ترین ادائیگی کی پرچیاں، اس کے بعد دوسری پرچیاں علی الترتیب بغیر فاصلے کے جمع کرائیں۔ اگر آپ کی ادائیگی مختلف ہوتی ہے تو، آپ سے جو جمع کرانے کو کہا جا رہا ہے وہ 3 ماہ کی اجرتوں کے برابر ہے – اگر آپ کا ماننا ہے کہ پچھلے 3 ماہ آپ کی تمثیلی اجرتوں کو نہیں بتاتے ہیں تو، آپ 6 ماہ تک کی ادائیگی کی پرچیاں جمع کرا سکتے ہیں۔

| آپ کو کتنی مرتبہ ادائیگی کی جاتی ہے؟ | آپ کو کتنی ادائیگی کی جاتی ہے؟ | |
|---|---|---|
| | ہمیشہ اتنی ہی رقم | ہر بار مختلف رقوم |
| ہفتہ وار<br>(ہر ہفتہ) | 4 تازہ ترین،<br>علی الترتیب ادائیگی کی پرچیاں | 12 تازہ ترین، علی الترتیب<br>ادائیگی کی پرچیاں |
| دو ہفتے پر<br>(ہر دو ہفتے پر) | 2 تازہ ترین،<br>علی الترتیب ادائیگی کی پرچیاں | 6 تازہ ترین، علی الترتیب<br>ادائیگی کی پرچیاں |
| نصف ماہانہ<br>(دو بار فی ماہ) | 2 تازہ ترین۔<br>علی الترتیب ادائیگی کی پرچیاں | 6 تازہ ترین۔ علی الترتیب<br>ادائیگی کی پرچیاں |
| ماہانہ<br>(ایک بار فی ماہ) | 3 تازہ ترین<br>علی الترتیب ادائیگی کی پرچیاں | 3 تازہ ترین، علی الترتیب<br>ادائیگی کی پرچیاں |

**اگر آپ بر سر روزگار ہیں اور ادائیگی کی پرچیاں موصول نہیں ہوتی ہیں:**

- ☐ CFWB-015 - ملازم کی آمدنی کی معلومات کے لیے آجر کے نام حوالہ فارم

**خود کے روزگار سے آمدنی**

- ☐ اگر 1 سال یا زیادہ مدت سے خود کا روزگار ہے: ایک حالیہ، مکمل، اور دستخط شدہ فارم 1040 اور شیڈول 1 (فارم 1040) اور درج ذیل دستاویزات میں سے ایک اپنے کاروبار کے لحاظ سے جمع کرائیں:
  - ☐ کلی مالک کے لیے: شیڈول C (فارم 1040) اور متعلقہ فارم 1099
  - ☐ S-Corp اور LLC-Corp کے لیے: فارم 1120-S
  - ☐ LLC پارٹنرشپ کے لیے: فارم 1065
- ☐ اگر 1 سال یا زائد مدت سے خود کا روزگار ہے، لیکن ایک توسیع دائر کرنے کے سبب حالیہ فارم 1040 نہیں ہے: مکمل اور دستخط کردہ فارم 4868 اور ٹیکس کے مقاصد سے برقرار رکھے گئے تین ماہ کے کاروبار کے ریکارڈ جمع کرائیں۔
- ☐ اگر 1 سال یا کم مدت سے خود کا روزگار ہے: CFWB-031 خود کے روزگار سے ہونے والی آمدنی کی تصدیق اور تین ماہ کے کاروبار کے ریکارڈ جمع کرائیں
- ☐ اگر 3 ماہ یا کم مدت سے خود کا روزگار ہے: CFWB-031 خود کے روزگار سے حاصل ہونے والی آمدنی کی تصدیق اور ہر تین ماہ کے خود کے روزگار کے لیے کاروباری ریکارڈ جمع کرائیں۔

NYC Children

**دیگر آمدنی:**

☐ SSI، SSD، بے روزگاری کی مراعات، کرایے سے آمدنی، پنشنز، سالانہ وظیفے، ورکرز کمپنسیشن کے لیے: حالیہ چیک، ادائیگی کی پرچی یا منظوری کے خط کی شکل میں آمدنی کے اس ذریعہ کا ثبوت جمع کرائیں۔ آپ آپ کو اپنے گھرانے میں کسی بچے کو موصولہ SSI کو شامل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر وہ رقم ہر ماہ اتنی ہی ہوتی ہے تو، آپ کو ایک ماہ کی دستاویزات فراہم کرنا ضروری ہے۔ اگر وہ رقم ہر ماہ مختلف ہوتی ہے تو، آپ کو 3 ماہ کی دستاویزات فراہم کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ کا ماننا ہے کہ پچھلے 3 ماہ اس ذریعہ سے آپ کی تمثیلی آمدنی کو بیان نہیں کرتے ہیں تو، آپ کو 6 ماہ تک کی دستاویزات جمع کرانا ضروری ہے۔ تازہ ترین چیک، ادائیگی کی پرچی یا منظوری کے خط پر آپ کی درخواست کی جمع آوری کی تاریخ سے 30 دنوں کے اندر کی تاریخ ہونا ضروری ہے۔

☐ نفقہ اور امداد اطفال کے لیے: دستاویزات جمع کرائیں اگر آپ کے پاس معاہدہ، منظوری کا خط، یا چیکوں کی کاپی ہے۔ اگر وہ رقم ہر ماہ اتنی ہی ہوتی ہے تو، آپ کو ایک ماہ کی دستاویزات فراہم کرنا ضروری ہے۔ اگر وہ رقم ہر ماہ مختلف ہوتی ہے تو، آپ کو 3 ماہ کی دستاویزات فراہم کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ کا ماننا ہے کہ پچھلے 3 ماہ اس ذریعہ سے آپ کی تمثیلی آمدنی کو بیان نہیں کرتے ہیں تو، آپ کو 6 ماہ تک کی دستاویزات جمع کرانا ضروری ہے۔ تازہ ترین معاہدہ، منظوری کے خط، یا چیک پر آپ کی درخواست کی جمع آوری کی تاریخ سے 30 دنوں کے اندر کی تاریخ ہونا ضروری ہے۔

## سیکشن 7: فراہم کنندہ

آپ کو اپنی دوبارہ تصدیق کے حصے کے بطور یہ فارم مکمل کرنا ضروری نہیں ہے۔

## سیکشن 8: تصدیق

سیکشن 8 میں درخواست پر دستخط کریں۔ اگر دو والدین/نگراں والا گھرانہ ہے تو دونوں کے دستخط مطلوب ہیں: